علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: سیرت النبی ﷺ قرآن کی روشنی میں (3910) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس (سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1- قرآن کریم کی روشنی میں نبی کریم ﷺ کے اسماء گرامی واوصاف عالیہ پر مفصل نوٹ قلمبند کریں(20)

سوال نمبر2- دربار رسالت کے آداب پر قرآن کریم کی روشنی میں تفصیلی مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3- آیاتِ قرآنی کی روشنی میں ہجرتِ حبشہ اور ہجرتِ مدینہ پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4- منافقین کی اخلاقی صورتحال پر قرآن کریم کی روشنی میں تفصیلی مضمون قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر5- منافقین کی علامات پر تفصیل سے نوٹ لکھیں نیز اپنے معاشرے میں ان علامات کی موجودگی اور ان کے تدارک سے متعلق تجاویز قلمبند کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ یہود کی نسلی مفاخرت اور سازشی رویے پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ یونٹ نمبر چھ کا جامع خلاصہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ غزوہ بدر کے واقعات آیات قرآنی کی روشنی میں تفصیل کے ساتھ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ قرآن کریم کی روشنی میں عبادت کا تصور بیان کریں نیز نماز کے آداب پر قرآن کریم کی روشنی میں نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ یونٹ نمبر نو کے مضامین کی روشنی میں اسلام کے معاشرتی نظام پر جامع مضمون قلمبند کریں۔(20)